राज्य शैक्षणिक संशोधन व
प्रशिक्षण परिषद, महाराष्ट्र

پڑھنے کا معیار ۱

جانوروں کے گھر

Original Publisher: Pratham Books
Author: Ashwitha Jayakumar
Illustrator: Nafisa Nandini Crishna
Translator: Syed Abdul Quader

جانور ہمارے چاروں طرف رہتے ہیں۔

پرندے اپنے گھر اونچائی پر بناتے ہیں۔
اور شہد کی مکھّیاں بھی۔

مکڑیاں اپنا گھر بُنتی ہیں۔

ننھّی دیمکیں اونچے گھر بناتی ہیں۔

گھونگھوں اور کچھوؤں کے گھر انکی پیٹھ پر ہی
بن جاتے ہیں۔

مچھلی پانی میں رہتی ہے۔
مینڈک پانی اور زمین دونوں جگہ رہ سکتے ہیں۔

خرگوش اور چوہے زمین کے اندر بِلوں میں رہتے ہیں۔

بندر اور بن مانُس درختوں کو ہی اپنا گھر بنا
لیتے ہیں۔

بھالو اور بھیڑیے غار میں رہتے ہیں۔

مگرمچھ دلدل میں رہتے ہیں۔

ہرن جنگل میں رہتے ہیں، اور شیر بھی۔

ایک بڑا گھر

کچھ جانور ہمارے قریب رہتے ہیں، اور کچھ بہت دور۔

لیکن کیا آپ جانتے ہیں، ہم تمام جانوروں میں کون سی بات ایک جیسی ہے؟

ہم سب اپنے گھر ایک بہت بڑے گھر کے اندر بناتے ہیں: اور وہ گھر ہے ہماری زمین۔۔

جانوروں کے گھر
(Urdu)

اونچے گھر، درختوں پر بنے گھر، لٹکتے گھر، زیرِ زمین گھر- اپنے آس پاس موجود جانداروں کے گھر کی سیر کیجئے-

This is a Level 1 book for children who are eager to begin reading.